۹۷ قاسم بن محمد بن ابی بکر کے حالات میں لکھا ہے کہ عمر ابن خطاب کے دور میں احادیث کی کثرت ہوگئی تو عمر ابن خطاب نے حکم دیا کہ احادیث اُن کے پاس لائی جائے، لوگ جب لائے تو اُن کو جلا دینے کا حکم دیا۔ طبقات ابن سعد جلد ۵ ص ۱۹۷ حالات قاسم بن محمد ۔

۹۸ قاسم بن محمد سے مروی ہے کہ رسولؐ اکرم کے اصحاب کا اختلاف لوگوں کے لئے رحمت تھا۔ طبقات ابن سعد جلد ۵ ص ۱۹۷

۹۹ یا ایھا الذین امنوا اذا قمتم الی الصلواۃ فاغسلوا وجوھکم و یدیکم الی المرافق وامسحوا بروٴسکم وارجلکم الی الکعبین (سورۃ مائدہ آیت ۶) اے ایمان والو! جب تم نماز کے لئے آمدگی کرو تو پہلے اپنے چہروں کو اور کہنیوں تک اپنے ہاتھ تو دھو لیا کرو اور سر اور نیز ٹخنوں تک پیروں کو مسح کرو۔ علامہ سیوطی درمنثور ج ۲ ص ۲۶۲ میں شعبی سے نقل کیا ہے کہ جبریل تو پاؤں کے مسح کا حکم لے کر آئے تھے، کیا تم آیت تیمّم پر نظر نہیں کرتے کہ وضو میں جن اعضاء کو دھونے کا حکم تھا اُن پر مسح واجب ہے اور جن اعضاء پر مسح کرنے کا حکم تھا اُنھیں تیمّم میں چھوڑ دیا گیا۔ اور شعبی کہا کرتے تھے قرآن تو مسح کا حکم لایا تھا مگر لوگوں نے پاؤں دھونے کا دستور نکالا۔ عبداللہ نے عثمان بن عفان خلیفہ سوم سے روایت کرتے ہیں کہ عثمان نے ایک مرتبہ وضو کے لئے پانی طلب کیا اور اُس سے کلی کی، ناک میں پانی ڈالا، اور اپنے منہ کو تین بار دھویا، اور دونوں ہاتھوں کو تین بار دھویا اور اپنے سر اور پاؤں کے اوپر کے حصے کا مسح کیا پھر بے ساختہ ہنس پڑے اور کہا کیا تم لوگ مجھ سے میرے ہنسنے کی وجہ دریافت نہیں کروگے؟ لوگوں کہا یا امیر المومنین! آپ کیوں ہنسے؟ تو عثمان بن عفان نے کہا کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو ایسا ہی

jabir.abbas@yahoo.com



Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وضوکرتے دیکھا تھا۔ مسند امام احمد جلد اول ص ۵۸، اور ص ۳۴۲؛ مجمع الزوائد ہیثمی ج ۱ ص ۲۲۴؛ المصنف ابن شیبہ ج ۱ ص ۱۸؛ کنز العمال حدیث ۲۶۸۶۴ ج ۹ ص ۴۲۷، اور ص ۴۴۲؛ سیر اعلام النبلاء ج ۱۳ ص ۳۰۱؛ المعجم الکبیر طبرانی ج ۳ ص ۲۸۱۔ اس کے علاوہ کئی مفسرین اور محدثین نے مختلف طریقوں سے پیر پر مسح کرنا بتلایا ہے مثلاً ابن ابی شیبۃ الکوفی اپنی کتاب المصنف جلد اول ص ۳۰ پر باب فی المسح علی القدمین کے تحت آٹھ حولوں سے پیر پر مسح کرنا لکھا ہے۔ **فجعلنا نمسح علیٰ ارجلنا**: ہم پاؤں پر مسح کرنے لگے۔ بخاری کتاب الوضوج ۱ ص ۲۱، ۳۲، مسلم کتاب الطہارۃ باب وضو سنن کبریٰ ج ۱ ص ۶۸ **فضرب بها رجله و فیها النعل ففتلها**: آنحضرتؐ کے پیر میں جوتی تھی آپؐ نے پاؤں دھونے کے بدلے پانی کا ایک چلو لیکر پاؤں پر پھیرلیا۔ اس حدیث سے اُن کے لوگوں نے دلیل لی جو مسح پیروں پر کرنے کے قائل ہیں۔ امام ابن جریر طبری اور شیخ محی الدین عربی جواز پیروں پر مسح کرنے کے قائل ہیں۔ سنن ابی داؤد کتاب طہارۃ باب وضو صفۃ نبیؐ جلد اول ص ۳۴؛ السنن الکبریٰ بھیقی جلد اول ص ۷۲۔

تفسیر ابن کثیر (اردو) جلد اول تفسیر سورۃ مائدہ ص ۶۳ میں اس طرح لکھا ہے کہ: آیت کے اس جملے کی ایک قرأت اور بھی ہے **وَ اَرْجُلِكُمْ** کے لام کے نیچے زیر سے ہے۔ اس قول کی دلیل لی ہے کہ پیروں پر مسح کرنا واجب ہے کیونکہ اس کا عطف سر کے مسح کرنے پر ہے۔ بعض سلف سے بھی کچھ ایسے اقوال مروی ہیں جن سے مسح کے قول کی تصدیق ہوتی ہے۔ چنانچہ اب جریر میں ہے کہ موسیٰ بن انس نے انس بن مالک سے لوگوں کی موجودگی میں کہا کہ حجاج نے اہواز میں خطبہ دیتے ہوئے طہارت اور وضو کے احکام میں کہا کہ منہ ہاتھ دھوؤ اور سر کا مسح کرو اور پیروں کو دھویا کرو اس لئے کہ پیروں پر ہی گندگی لگتی ہے پس تلوں اور پیروں کو پشت کو ایڑیوں کو خوب اچھی طرح دھویا کرو۔ انس بن مالک نے کہا اللہ تعالیٰ سچا ہے اور حجاج جھوٹا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا **وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلِكُمْ الی الکعبین**۔ اور انس پیروں کا مسح کرتے تھے۔ اور انس سے ہی مروی ہے کہ قرآن میں پیروں پر مسح کرنے کا حکم ہے۔ ابن عباس سے مروی ہے وضو میں دو چیزوں کا دھونا اور دو پر مسح کرنا ہے۔

قتادہ سے بھی یہی مروی ہے۔ ابن ابی حاتم میں عبداللہ ابن عمر سے مروی ہے کہ آیت میں پیروں پر مسح کرنے کا بیان ہے۔۔ ابن عمر، علقمہ ابو جعفر محمد بن علی اور ایک روایت میں حسن بصری اور جابر بن زید اور ایک روایت میں مجاہد سے بھی اسی طرح مروی ہے کہ عکرمہ اپنے پیروں پر مسح کرلیا کرتے تھے شعبی فرماتے ہیں کہ جبرئیل کی معرفت مسح کا حکم نازل ہوا ہے۔ آپ سے یہ بھی مروی ہے کہ آپ نے کہا کہ کیا تم دیکھتے نہیں جن چیزوں کو دھونے کا حکم تھا اُن پر تیمّم کے وقت مسح کا حکم رہا اور جن چیزوں کے مسح کا حکم تھا تیمّم کے وقت انہیں چھوڑ دیا گیا۔ عامر سے کسی نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں جبرئیل پیروں کو دھونے کا حکم لائے ہیں تو آپ نے جواب دیا جبرئیل مسح کے حکم کے ساتھ نازل ہوئے۔ آگے چل کر ابن کثیر بھیقی کے حولے سے یہ روایت نقل کرے ہیں کہ: حضرت علیؑ ابن ابی طالب ظہر کی نماز کے بعد بیٹھک میں بیٹھے رہے اور عصر تک لوگوں کے کام کاج میں مشغول رہے پھر پانی منگوایا اور ایک چلو سے منہ دھویا اور دونوں ہاتھوں کو دھویا اور سر کا اور دونوں پیروں کا مسح کیا اور کھڑے ہو کر بچا ہوا پانی پی لیا اور پھر فرمانے لگے کہ میں نے جو کیا یہی میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا ہے اور یہ فرمایا یہ وضو ہے اس کے لئے جس کو وضو کی ضرورت ہو۔

۱۰۰ **حی علیٰ خیر العمل**۔ یہ اذان میں داخل تھا عبداللہ ابن عمر کا قول جس کو امام مالک نے کہا **انه بلغه ان المؤذن جاء عمر ابن الخطاب یوذنه لصلوٰۃ الصبح فوجده نائما فقال الصلوٰۃ خیر من النوم یا امیر المؤمنین فامره عمر ان یجعلها فی نداء لصبح**۔



Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترجمہ؛امام مالک کو پہنچا کہ حضرت عمر کے پاس مؤذن آیا نماز صبح کی خبر کرنے کو تو سوتا پایا حضرت عمر کو پس کہا اُس نے الصلوٰۃ خیر من النوم یعنی نماز بہتر عمل ہے سونے سے اے امیر المومنین۔حکم کیا حضرت عمر نے موذن سے: کہا کرو اس کلمے کو صبح کی اذان میں۔اس حدیث کو دار قطنی بن عبداللہ ابن عمر سے مسنداً روایت کیا ہے کہ عمر نے مؤذن سے کہا جب تم پہنچو حی علی الفلاح تو پر فجر کی اذان میں تو کہو بعد اس کے الصلوٰۃ خیر من النوم ۔موطا امام مالک کتاب الصلواۃ ص ۶۱ طبع مکتبہ رحمانیہ لاہور۔ترجمہ علامہ وحید الزمان۔اسی کو کئی معتبر محدثین نے نقل کیا ہے مختصراً نیل الاوطار الشوکانی ج ۲ صفحہ ۱۸؛السنن الکبریٰ البیھقی ج ا صفحہ ۴۲۴؛المصنف ابن ابی شیبۃ الکوفی جلد اول ص ۲۴۴؛تاریخ بغداد الخطیب البغدادی ج ۹ ص ۴۰۹؛کنز العمال ج ۸ صفحہ ۳۴۲۔

۱۰۱ ارسال الیدین ۔یعنی ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھنا۔امام ابن قاسم نے امام مالک سے نماز میں ہاتھ چھوڑ دینا لکھا ہے تیسیر البخاری شرح صحیح البخاری ترجمہ علامہ وحید الزمان طبع اعتقاد پبلشنگ ہاوس دہلی جلد اول باب ۷۰۷ ص ۴۸۹ باب وضع یدہ الیمنی علی الیسری : ابن ابی شیبہ نے حسن بصری اور ابراہیم اور ابن میسّب سے ارسال یدین یعنی ہاتھ چھوڑنا نقل ہے۔نیلا الاوطار جلد دوم ص ۱۹۴ دار الجلیل بیروت؛الشرح الکبیر عبداللہ ابن قدامہ متوفی ۶۸۲ جلد اول ص ۵۱۴؛المغنی ج اول ص ۵۱۴ دار لکتاب بیروت۔

ہاتھ باندھنے کے سلسلہ میں دو روایتیں صحیح بخاری اور مسلم میں ہیں اور انتہائی مشکوک ہیں مثلاً صحیح بخاری کتاب الاذان باب وضع یدہ الیمنی علی الیسری جس کا تذکرہ کیا گیا ہے اُسی میں ہاتھ باندھنے کی جو روایت یہ ہے کہ حدثنی عبداللہ بن مسلمة ، عن مالک ، عن أبي حازم، عن سهل ابن سعد قال : كان الناس يؤمرون أن يضع الرجل يده اليمنى على ذراعه اليسرى في الصلاة، قال ابو حازم: لاألمه الا ينمى ذلک الى النبي ﷺ ، وقال اسماعيل ينمى ذلک ولم يقل ينمى۔ترجمہ ہم سے عبداللہ بن مسلمہ قعنبی نے بیان کیا انہوں نے امام مالک سے انہوں نے ابو حازم بن دینار سے انہوں نے سہل بن سعد سے انہوں نے کہا لوگوں کو یہ حکم دیا جاتا تھا کہ نماز میں ہر آدمی اپنا داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھے اور ابو حازم نے کہا میں نہیں جانتا کہ سہل اس حدیث کو آنحضرت تک پہنچاتے تھے۔ اسمٰعیل بن ابی اویس نے کہا یہ بات پہنچائی جاتی تھی مگر یہ نہیں کہا کہ کس طرح پہنچائی جاتی تھی۔یعنی ہاتھ پہ ہاتھ رکھنا یا باندھنے والی حدیث کا حکم دیا جاتا تھا مگر یہ کہیں نہیں مذکور ہے کہ کس نے دیا اور کب دیا اور یہ حکم آنحضرتؐ سے منسوب تھا یا نہیں یہ بھی کسی کو نہیں معلوم۔اس حدیث کی راوی ہیں سہل بن سعد بن خالد الساعدی تہذیب التہذیب جلد ۴ ص ۲۲۱،اور ابن حجر اپنی کتاب طبقات المدلسین ص ۲۰ ذکر جریر بن حازم کے سلسلہ میں لکھتے ہیں کہ ان سے جو حدیث بیان صفۃ صلاۃ النبی میں تدلیس کی گئی ہے یعنی خلط ملط کی گیا ہے۔

قابل غور بات یہ ہے کہ اس حدیث کے راوی امام مالک ہیں اور اگر امام مالک کے نزدیک یہ حدیث صحیح ہے تو پھر مالکی فقہ میں ارسال یدین یعنی ہاتھ چھوڑ کر نماز پڑھنا کیوں ہے؟۔

اب جو دوسری روایت ہے وہ صحیح مسلم میں کتاب الصلواۃ باب وضع یدہ الیمنی علی الیسری :عن وائل بن حجر انه راى النبى ﷺ رفع يديه حين دخل في الصلوٰة كبر وصف همام حيال اُذينه ثم التحف بثوبه ثم وضع يده اليمنى على



Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اليسری فلما اراد ان یرکع اخرج یدیه من الثوب ثم رفعهما ثم کبر فرکع فلما قال سمع الله لمن حمده رفع یدیه فلما سجد سجدین کفیه ترجمہ وائل بن حجر کا بیان ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو بدیں طور دیکھا کہ آپ نے نماز شروع کرتے وقت اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور اللہ اکبر کہا۔ اس حدیث کے راوی ہمام بن نافع کا بیان ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اُٹھائے پھر چادر اوڑھ لی اس کے بعد سیدھا ہاتھ اُلٹے ہاتھ پر رکھا۔ پھر آپؐ نے چادر میں سے ہاتھ باہر نکال کے دونوں کانوں تک اُٹھا کر تکبیر پڑھی اس کے بعد رکوع میں گئے۔ اور بحالت قیام سمع الله لمن حمده پڑھ کر رفع یدین کیا اور پھر آپ نے دونوں ہتھیلیوں کے درمیان سجدہ کیا۔ پہلی تنقید اس حدیث کے سلسلے میں ہے کہ وائل بن حجر فتح مکہ کے بعد معاویہ کے ساتھ اسلام لے آئے اور ہمیشہ ان کا اور معاویہ کا ساتھ رہا تہذیب التہذیب ج ۱۰ ص ۔ دوسری یہ کہ وائل بن حجر نے خود سے نہیں دیکھا بلکہ یہ واقعہ ان سے ہمام بن نافع نے بیان کیا جن کے بارے میں میزان الاعتدال جلد ۴ ص ۳۰۸ میں مذکور ہے کہ قال العقیلی احادیثه غیر محفوظة۔ تیسری قابل غور بات یہ ہے کہ راوی کہتا ہے کہ آنحضرتؐ نے تکبیر کہنے کے بعد چادر اوڑھ لی۔ اب ناظرین فیصلہ کریں کہ یہ کیسے معلوم ہوا چادر میں ہاتھ کہاں تھے ؟۔

۱۰۲ باب ما جاء فی بسم الله الرحمن الرحیم۔ نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آواز سے پڑھنے کے بارے میں انس بن مالک سے اس سلسلے میں تین روایتیں مذکور ہیں۔ پہلی روایت یہ کہ میں نے نماز پڑھی آنحضرت ﷺ کے پیچھے، ابوبکر، عمر اور عثمان میں نے سُنا کہ وہ نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے ہوئے۔ دوسری روایت ان ہی سے منسوب ہے کہ میں نے سُنا مگر وہ آواز سے نہیں پڑھے، تیسری روایت ہے کہ میں نے نماز پڑھی ان کے پیچھے مگر کسی نے بھی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں پڑھی نیل الاوطار الشوکانی جلد ۲ ص ۲۱۵۔ اسی نیل الاوطار صفحہ ۲۱۷ میں انس بن مالک سے ہی یہ روایت ہے کہ جب معاویہ مدینہ آیا تو انہوں نے نماز پڑھائی بالجھر مگر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں کہا۔ جب نماز تمام ہوئی تو مہاجر اور انصار جو اس وقت موجود تھے احتجاجاً کہا کہ اے معاویہ! تم نے نماز کو ناقص کر دیا تم نے نہ تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہی اور نہ تکبیر کہی حالانکہ ہم نے رسول اکرم کو ایسا کہتے ہوئے دیکھا ہے اور سُنا ہے۔ بھیقی کے حوالے سے یہ مذکور ہے کہ انہوں کہا کہ

آل رسول ﷺ کے ہاں متفق ہیں کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بالجھر پڑھے۔ الحاکم المستدرک کے حوالے سے لکھا ہے کہ صحابہ کی اور تابعین کی ایک فہرست ہے جنہوں نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو بالجہر کہنے کی تاکید کی ہے۔ ابن شہاب الزہری کے حالات میں امام ذہبی لکھتے ہیں کہ انہوں نے تاکیداً کہا ہے کہ نماز میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اونچی آواز سے پڑھی جائے پھر سورۃ فاتحہ پڑھی جائے، اس کے بعد پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہر سورت کے شروع میں تذکرہ الحفاظ جلد اول ۱۰۴۔ ملاحظہ ہو درمنثور سیوطی جلد اول ص ۱۱؛ ترمذی ج ۱ ص ۱۵۵ باب من رائی بالجھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم؛ فتح الباری جلد ۲ ص ۲۲۱۔ المصنف جلد ۲ ص ۸۹ عبدالرزاق الصنعای؛ المصنف ابن ابی شیبة جلد اول ص ۴۴۸؛ سنن دار القطنی جلد اول ۳۰۹ میں معاویہ کا تذکرہ کے ساتھ جس کا ذکر ہو چکا ہے۔ م عرفة العوالم الحدیث الحاکم نیشاپوری ص ۲۵۱؛ کنز العمال جلد ۸ ص ۱۱۹ سلسلہ ۲۲۱۸۱ ابن عباس نے فرمایا کہ عرب کی قراءت ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

بالجھر کہے۔تفسیر ابن کثیر (اردو) طبع اعتقاد پبلشنگ ہاوس نئی دہلی جلد اول ص ۲۱ میں ہے امام شافعی کا مذہب ہے کہ سورۂ فاتحہ اور ہر سورت کے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اونچی آواز سے پڑھنا چاہئے۔صحابہ کی، تابعین کی، مسلمانوں کے اگلے پچھلے اماموں کا یہی مذہب ہے۔
ابن کثیر اس کے بعد طول فہرست دی ہے اکابر صحابہ کی جنہوں نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو اونچی آواز سے پڑھنے کی۔پھر آخر معاویہ کا واقعہ نقل کرنے کے بعد یہ لکھتے ہیں کہ ''غالبًا اس قدر احادیث و آثار کہ بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اونچی آواز سے پڑھنے کے جواز میں کافی ہیں''۔

اوقات الصلوٰۃ۔ وقت افطار روزہ اور وقت نماز مغرب ایک ہے چنانچہ افطار کے لئے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کلو و اشربوا حتیٰ تبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر ثمہ اتمو الصیامہ الی اللیل۔ سورۃ البقر ۱۸۷۔
افطار کے لئے الیٰ اللیل کے الفاظ بہت واضح ہیں لفظ الیٰ کی معنوں میں محض کسی سرحد تک پہونچنے کا مفہوم نہیں ہے بلکہ سرحد سے آگے اندر داخل ہونے کے ہیں۔ جیسے سورہ بنی اسرائیل میں مذکور ہے سبحان الذی اسریٰ بعبدہٖ لیلا من المسجد الحرام الیٰ المسجد الاقصیٰ۔یعنی پاک پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندہ کو راتوں رات مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک سیر کرائی۔ظاہر ہے کہ اس کے یہ معنی نہیں کہ حضرت رسول اکرمؐ کی معراج صرف مسجد اقصیٰ کی سرحد تک تھی بلکہ اس سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ وہ مسجد اقصیٰ کے اندر بھی تشریف لے گئے۔اور ایک مثال میں وضو کی جو آیت ہے اس الی المرافق اور الیٰ الکعبین سے یہ مطلب کہنیوں سمیت اور ٹخنوں سمیت ہے جس میں تمام علماء متفق ہیں۔اسی طرح روزہ کے افطار کے سلسلے میں جو ارشاد باری ہے اس میں رات داخل ہے۔اسی لحاظ سے نماز مغرب کا وقت اُسی وقت ہوگا جب رات داخل ہوجائے۔سورۃ الشّمس آیت ۴۔۳ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: والنھار اذا جلھا والیل اذا یغشٰھا۔یعنی اور دن کے جب کہ اللہ اُسے روشن کرے اور رات کی جب وہ اس کو (یعنی دن کو) ڈھانپ لے۔علماء نے دن اور رات کو بارہ، بارہ گھنٹوں میں تقسیم کیا ہے۔دن کے بارہ حصوں کے نام یہ ہیں۔شرق، بکور، غدر، ضحیٰ، ہاجرہ، ضمیرہ، رواح، عصر، قصر، اصیل، غشی، اور غروب۔اور رات کے بارہ حصے: شفق، غسق، عقد، سدور، جھمد، ذلد، زاخد، بھرہ، سحر، فجر، صبح، صباح۔اس تقسیم سے معلوم ہوگیا کہ غروب آفتاب کو دن بارہواں حصہ شمار کیا جاتا ہے۔رات کے پہلے حصہ کو شفق دوسرے حصہ کو غسق کہا ہے جو لیل ہے اس لئے غروب آفتاب کے بعد غسق یعنی لیل تک انتظار کرنا چاہئے۔
اقم الصلواۃ لد لوک الشمس الیٰ غسق الیل وقراٰن الفجر۔سورۃ بنی اسرائیل آیت ۷۸ یعنی نماز قائم کرو سورج کے ڈھلنے کے بعد رات کے اندھیرے کے بعد اور صبح کے قرآن کے بعد (طلوع فجر)۔المنجد نے غسق کی تعریف یہ کی ہے کہ یہ رات کے حصہ کا اندھیرا۔
حدیث سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ فرمایا آنحضرت نے اذا أقبل اللیل من ھاھنا و ادبر النھار من ھاھنا و غربت الشمس فقد افطر الصائم۔ کہ جب رات ادھر سے یعنی مشرق سے رخ کرے اور دن ادھر مغرب کے طرف پیٹھ موڑے اور سورج ڈوب جائے جب افطار کا وقت آگیا۔تیسیر الباری شرح صحیح بخاری کتاب الصوم جلد ۳ ص ۱۱۵۔احیاالعلوم امام غزالی جلد اول ص ۳۳۵ طبع دارالاشاعت لاہور میں تحریر فرماتے ہیں مغرب مغرب کا وقت اس وقت شروع ہوتا ہے جب آفتاب نظروں سے اوجھل ہوجائے۔مگر یہ اوجھل سطح زمین پر معتبر ہے۔اس صورت میں اتنی دیر انتظار کرنا چاہئے کہ افق پر سیاہی پھیل جائے۔
زید ابن ارقم صحابی رسول اکرمؐ سے روایت ہے کنا نتکلم فی الصلواۃ یکلم الرجل صاھبہ کہ ہم نماز پڑھتے تھے آنحضرتؐ کے پیچھے



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اورہم حالت نماز میں اپنے پاس والوں سے باتیں کرتے تھے۔تمام صحاح ستہ کی کتابوں میں اس کاذکر مثلاً شرح صحیح مسلم کتاب المساجد باب تحریم الکلام فی الصلوٰۃ جلد دوم ص ۱۱۴۔صحیح بخاری جلد ۵ کتاب التفسیر القران ص ۱۶۲۔

مطرف کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کے پیچھے نماز پڑھی جب ہم نماز سے فارغ ہوئے تو عمران نے میرا ہاتھ پکڑ کر کہا کہ آج ہم کو حضرت علیؑ نے رسولؐ اللہ جیسی نماز پڑھائی۔شرح مسلم باب اثبات التکبیر جلد دوم ص ۲۰؛ مسند احمد جلد ۴ ص ۴۲۸، ۴۳۰، ۴۴۴؛ صحیح بخاری کتاب الاذان جلد اول ص ۲۰۰۔سنن ابی داوٗد باب التکبیر جلد اول ص ۱۹۲۔

عبداللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ ایک عورت آنحضرتؐ کے پیچھے نماز پڑھنے آیا کرتی تھی جو خوبصورت تھی اور بہت خوب صورت لوگوں میں سے تھی بعض اصحاب آگے کی صف میں چلے جاتے تھے تاکہ اس عورت پر نظر نہ پڑے اور بعض پیچھے کی صف میں عمداً رک جاتے تھے جو عورتوں کے قریب ہوتی تھی جب یہ اصحاب جو پچھلی صف میں رہتے تھے رکوع کرتے تو اپنی بغل سے اُس عورت کو دیکھتے تھے تب اللہ تعالی نے یہ آیت نازل کی سورۃ الحجر ولقد علمنا المستقدمین منکم۔سنن الترمذی باب تفسیر سورہ الحجر ۳۵۸؛ مسند احمد ج ۱ ص ۳۰۵؛ السنن الکبریٰ البھیقی ج ۳ ص ۹۸ جمعہ کے دن جب رسولؐ اللہ خطبہ دے رہے تھے لوگ آنحضرتؐ کو چھوڑ کر دوڑ پڑے بازار کی طرف اُن لوگوں میں ابوبکر اور عمر شامل تھے صرف بارہ لوگ رہ گئے تھے۔ترمذی جلد دوم باب تفسیر سورۃ الجمعۃ ص ۵۲۶ صحیح ابن حبان جلد ۱۵ ص ۲۹۸

۱۰۳ **خالفہ یا خلیفہ۔ جاء اعرابی فقال انت خلیفۃ رسول اللہ فقال لا قال فما انت قال انا الخلفۃ**

**بعدہ:** ایک اعرابی حضرت ابوبکر کی خدمت میں آیا اور پوچھا کیا آپ رسولؐ اللہ کے خلیفہ ہیں تو انہوں نے جواب دیا نہیں پھر اُس نے پوچھا کہ آپ کیا ہیں؟ جواب دیا میں خالفہ ہوں۔لسان العرب میں ہے کہ خالفہ وہ ہے جس سے لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں ہو اور اس میں کوئی خیر نہیں یعنی (Good For Nothing) تاریخ ابن عساکر جلد ۱۹ ص ۴۹۷؛ کنز العمال ج ۱۲ ص ۵۳۱ سلسلہ ۳۵۷۰۸۔

۱۰۴ حضرت ابوبکر نے اپنے داماد زبیر بن العوام کو جاگریں عطا فرمائی ہیں ابن زبیر سے منقول کہ ہم معاویہ کے پاس گئے تو ہم سے معاویہ نے پوچھا مسلول زمین کیا ہوئی؟ میں نے جواب دیا وہ میرے پاس ہے۔اس پر معاویہ نے کہا کہ واللہ! میں نے اس ہبہ نامہ کو خود لکھا تھا جب حضرت ابوبکر نے زبیر بن العوم کے لئے دینا چاہا تو مجھ سے کہا لکھ دو جب میں لکھنے بیٹھا تو اچانک حضرت عمر آ گئے۔جیسے ہی انھوں نے ہم دونوں کو دیکھا تو حضرت عمر نے کہا معلوم ہوتا ہے کچھ راز کی بات ہورہی ہے۔حضرت ابوبکر نے کہا ہاں۔جب حضرت عمر چلے گئے تو کاغذ ہم نے چھپا لیا تھا اس کو نکالا اور ہم نے جو لکھنا تھا وہ لکھ دیا۔السنن الکبریٰ البھیقی ج ۶ ص ۱۴۵؛ کنز العمال جلد ۳ ص ۹۱۳ سلسلہ ۹۱۵۰۔

۱ سی حدیث میں مزید ہے کہ حضرت ابوبکر نے اپنے داماد زبیر ابن العوام کو الجرف کی پوری وادی عطا کردی تھی۔فتوح البلادان البلاذری (اردو) جلد اول ص ۱۸؛ معجم البلادان یاقوت حموی ج ۴ ص ۴۰۱۔



jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۰۵ (معاذ اللہ) عن ابوهريرة أن رسول الله ﷺ قال : اذا نودی للصلاة أدبر الشيطان له ضراط حتى لا يسمع التاذين۔
صحیح بخاری کتاب الاذان باب فضل التاذين: ابوہریرہ سے روایت ہے کہ: فرمایا (معاذ اللہ) رسول اللہ ﷺ نے کہ جب نماز کے لئے اذان دی جاتی ہے تو شیطان پادتا ہوا (Releasing Gas) پیٹھ موڑ کر چل دیتا ہے پادتا اس لئے کہ پاد کی آواز اذان کی آواز پر حاوی ہوجائے تاکہ اذان کی اواز اُس کو یعنی شیطان کو سُنائی نہ دے تیسیر البخاری شرح صحیح بخاری جلد اول کتاب الاذان ص ۴۰۸۔ اس حدیث کو تمام کتابوں میں تذکرہ کیا گیا۔

۱۰۶۔ غزوۂ حنین سے قبل آنحضرتؐ نے عبداللہ ابن ابی حدرد کو مخالف فوج کی حرکت کی قبر لانے بھیجا اور جب وہ واپس آ کر خبر دی کہ دشمن جنگ کا ارادہ کر چکے ہیں ہمیں اُن کی پیشقدمی کو روکنے کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ آنحضرتؐ نے عمر ابن خطاب کا بلایا اور ابن ابی حدّرد سے جو سُنا تھا اُس کا ذکر کیا، عمر ابن خطاب نے کہا کہ ابن حدرد غلط کہتے ہیں اس کا جواب ابن حدرد نے یہ دیا کہ ’’اگر آپ نے مجھے غلط قرار دیا تو کیا بات ہے، آپ نے ہمیشہ حق کو جھٹلایا۔ آپ نے تو ایسی ہستی کو بھی جھٹلایا (عربی میں كذ بتنى، ترجمہ میں اختلاف کیا لکھا) جو ہم سے بہتر ہے (اس سے آنحضرتؐ مطلب تھا)۔ عمر ابن خطاب نے کہا یا رسولؐ اللہ! کیا آپ نے نہیں سُنا ابن حدرد کیا کہتے ہیں۔ آنحضرتؐ نے فرمایا ’’عمر تم غلطی پر ہو۔ اللہ تمہیں سیدھا راستہ دکھائے‘‘۔ سیرۃ النبی ابن ہشام اردو جلد دوم ص ۵۲۶: طبری اردو جلد ۲ ص ۴۲۱، عربی جلد ۲ ص ۳۴۶؛ البدایۃ والنھایۃ ابن کثیر عربی جلد ۴ ص ۳۷۱ (اردو ترجمہ سے یہ نکال دیا گیا)؛ سیرۃ النبوۃ ابن کثیر ج ۳ ص ۶۱۴۔

۱۰۷ عبدالله ابن عمر فسبه سبا سئيا ما سمعته سبه مثله عبداللہ ابن عمر نے اتنی بُری گالی دی جو ابھی تک کسی نے سُنی نہیں تھی۔ شرح مسلم نووی جلد ۲ ص ۵۴ باب امر النساء الصليات۔ صحیح ابن حبان جلد ۳ ص ۱۳۰ اور جلد ۴ ص ۱۹۷؛ فتح الباری ابن حجر جلد ۲ ص ۲۸۹۔

۱۰۸ میلاد النبی کے منانے پر وہابیوں کا یہ اعتراض کہ اسلام میں عید صرف دو ہیں ایک عید الفطر اور دوسرے عید الضحیٰ میلا د النبی کی عید بدعت ہے اس لئے کہ سوائے ذکر اللہ سبحانہ غیر کا ذکر جائز نہیں۔ پہلے اعتراض کا جواب **قال عيسى ابن مريم اللهم ربنا انزل علينا مآئدة من السمآء تكون لنا عيدا الاولينا وا'خيرنا** ۔ سورۃ مائدہ کی آیت ۱۱۴ ہے جس میں حضرت عیسیٰ نے اللہ سے دعا مانگی اے اللہ اے ہمارے رب ہم پر آسمان سے خوان اُتار کہ ہمارے پہلے اور پچھلوں کے لئے عید ہو۔ اگر مائدہ کے نازل ہونے سے عید ہوسکتی ہی تو نبی اکرم ﷺ جو رحمت العالمین اس نعمت کے آنے پر عید منانا عین مطابق قرآن ہے۔ اب رہا ذکر تو اللہ تعالی مخاطب ہے نبی اکرم سے اور ارشاد فرماتا ہے کہ ورفعنا لك ذكرك سوہ ۹۴ الانشراح آیت ۴۔ ہم نے بلند کیا آپؐ کے ذکر کو۔

۱۰۹ وَالَّذِينَ اٰمَنُوا بِاللهِ وَ رُسُلِهٖ وَلَمۡ يُفَرِّقُوا بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡهُمۡ اُولٰٓئِكَ سَوۡفَ يُؤۡتِيۡهِمۡ اُجُوۡرَهُمۡ۔



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سورۃ النساء آیت ۱۵۲۔اور جولوگ ایمان لائے اللہ پر اور اس کے رسولؐ پر اور اُن میں کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے یہی وہ لوگ ہیں عنقریب اللہ اُنہیں اجر دے گا۔

۱۱۰ و كان ممن انكشفت يوم أحد ممن غفر له، یعنی حضرت عمر اُن لوگوں میں تھے جو اُحد کے دن بھاگ گئے تھے، لیکن خدا نے اُن کو معاف کر دیا۔ الفاروق شبلی نعمانی ص ۶۰ انساب الاشراف البلاذری جلد ۱۰ ص ۳۰۰ طبع دار الفکر بیروت۔

۱۱۱ حدثنا عباس بن عبد الله البكسائي، ثنا الفيض بن اسحاق عن الفضيل بن عياض أنه قال : أتدرون من الذى يتكلم بفمه كله، عمر بن الخطاب، كان يكسوهم اللين، ويلبس الخشن، ويطعمهم الطيب، ويأ كل خبزاً مغلوثاً، و أعطى رجلاً عطاء وزاده ألفاً، فقيل له، لو زدت عبد الله بن عمر فإ ابنک و هو لذلک مستحق۔ فقال : هذا ثبت أبوه يوم أحد،ولم يثبت أبو هذا۔

انساب الاشراف جلد ۱۰ ص ۳۰۴ طبع دار الفکر بیروت : یعنی خلاصہ یہ کہ جب اپنی خلافت کے زمانے میں لوگوں کے روز ینے مقرر کئے تو ایک شخص کے روز ینے دینے کی نسبت لوگوں نے کہا کہ ان سے زیادہ مستحق آپ کے فرزند عبداللہ ابن عمر ہیں۔ حضرت عمر نے فرمایا نہیں، کیونکہ اس کا باپ احد کی لڑائی میں ثابت قدم رہا تھا اور عبداللہ ابن عمر کا باپ (یعنی خود حضرت عمر) ثابت نہیں رہا تھا۔ الفاروق ص ۶۰۔ چنانچہ شبلی نعمانی لکھتے ہیں کیونکہ معرکہ جہاد سے بھاگنا ایک ایسا ننگ تھا جس کو کوئی شخص علانیہ تسلیم نہیں کرسکتا تھا۔ اور دیگر یہ کہ عباس بن عبداللہ اور فیض بن اسحاق یہ دونوں راویان غیر معروف ہیں۔ حالانکہ دونوں راویوں سے کئی روایتیں مروی ہیں الجراح والعتدال ج ۷ ص ۸۸۔

۱۱۲ نماز میں ارسال یدین کے سلسلہ میں قرآن مجید سورہ اعراف ۷ آیت ۲۹ میں ارشاد ہوتا ہے کہ قُلْ اَمَرَ رَبِّیْ بِالْقِسْطِ قف وَ اَقِیْمُوْا وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّ ادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ط كَمَا بَدَاَ كُمْ تَعُوْدُوْنَ۔

۱۱۳ جب رسولؐ اکرم نے ملیکہ بنت کعب سے عقد فرمایا جو حسن و جمال میں بے مثال تھیں عائشہ کو یہ بات ناگوار گزری۔ ملیکہ کا باپ فتح مکہ کے وقت خالد بن ولید کے ہاتھوں قتل ہو چکا تھا اور ملیکہ کو اپنے باپ کے قاتل علم نہیں تھا۔ چنانچہ عائشہ نے اس سے ملاقات کی اور کہا کہ تمہیں اپنے باپ کے قاتل سے نکاح کرتے ہوئے شرم نہیں آئی۔ أ لا تستحين أ ن تنكحي قاتل أبيك ؟ ملیکہ نے کہا اب کیا ہوسکتا میرا عقد تو ہو چکا۔ عائشہ نے کہا کہ ایک صورت ہوسکتی ہے کہ جب آنحضرت تمہارے ساتھ خلوت نشین ہوں تو اُن سے کہنا کہ میں آپ سے اللہ کی پناہ چاہتی ہوں۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا اور رسولؐ اکرم نے اسے طلاق دے دی۔ طبقات ابن سعد جلد ۸ ص ۱۴۸ حالات ملیکہ بنت کعب؛ تاریخ ابن کثیر البدایۃ والنھایۃ جلد ۵ ص ۳۲۰؛ اصابہ ابن حجر جلد ۸ ص ۳۲۰؛ تاریخ ابن عساکر ج ۳ ص ۳۰۹؛۔



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۱۴ استاذن ابوبکر علی رسول الکریم ﷺ فسمع صوت عائشة عالیا وھی تقول واللہ لقد عرفت ان علیا أحب الیک من أبی و منی۔ یعنی ایک روز ابوبکر حاضر ہوئے رسول ؐ کی خدمت میں حاضر ہونے سے قبل سُنا کہ عائشہ بلند آواز سے یعنی چیخ چیخ کے (صوت عالیا) سے آنحضرتؐ کہہ رہی تھیں واللہ مجھ کو معلوم ہے کہ آپؐ علیؑ کو مجھ سے اور میرے باپ سے زیادہ چاہتے ہیں۔

مسنداحمد بن حنبل جلد ۴ ص ۲۷۵؛ مجمع الزوائد الھیثمی جلد ۹ ص ۱۲۷؛ فتح الباری جلد ۷ ص ۱۹؛ السنن الکبری النسائی جلد ۵ ص ۱۳۹۔

اب اس روایت کے بعد قرآن مجید کی یہ آیت کریمہ پڑھیے:

سورۃ الحجرات آیت ۲ یآیھا الذین اٰمنوا لا ترفعوآ اصواتکم فوق صوت النبی ولا تجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لا تشعرون ۔اے مومنو نبی کی آواز پر اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اور نہ زور سے بولو جیسے تم ایک دوسرے سے گفتگو کرتے ہو، کہیں تمہارے اعمال اکارت نہ ہو جائے اور تمہیں خبر بھی نہ رہے۔

۱۱۵ أتزعم أنک جرم صغیر = و فیک انطوی العالم الأ کبر کلام جناب امیرالمؤمنین کہ اے انسان تو اپنے کو ایک چھوٹا سا کیڑا نہ سمجھ اسلئے کہ تجھ میں ایک عالم اکبر موجود ہے۔ تفسیر الصافی فیض کاشانی؛ کتاب الربعین الشیخ الماحوزی۔

۱۱۶۔ و اسمه العلی العظیم هو أول اسمائه، ارشاد فرمایا امام علی ابن موسیٰ رضا نے کہ اللہ سبحانہ نے اپنا تعارف اول مخلوق سے یوں کیا کہ فرمایا میں علی اور عظیم۔ الکافی جلد ا ص ۱۱۳؛ التوحید ص ۱۹۲؛ شرح اصول کافی ج ۳ ص ۲۹۴،۲۹۶؛ بحارالانوار ج ۴ ص ۸۸ ص ۱۷۵؛ نورالبراھین سید نعمت اللہ الجزائری ص ۴۶۲؛ تفسیر کنزالدقائق ج ا ص ۶۱۰۔

۱۱۷۔ رأیت فی الجاھلیة قرداً اجتمع علیھا قرة قد زنت ورجمتھا معھم۔ عمرو بن میمون کہتے ہیں کہ میں نے زمانہ جاہلیت میں ایک بندر کو دیکھا جس نے زنا کیا تھا۔ تمام بندر جمع ہوئے اور اُسے سنگسار کیا اور اُن کے ساتھ میں بھی سنگسار کیا۔ صحیح بخاری (اردو) جلد ۲ کتاب المناقب پارہ ۱۵ ص ۴۹۴؛ الاصابۃ حالات عمرو بن میمون جلد ۵ س ۱۲۰۔

۱۱۸ ان ھلال ابن امیة رضی اللہ تعالی عنه قذف أمراته بشریک ابن سحمآء وکان اخا البرآء ابن مالک لا مه فکان اول رجل لاعن فی الاسلام و قال رسول ﷺ ابصروھا فان جآئت به ابیض سبطا قضییٓء العینین فھو لھلال ابن امیة وان جآئت به اکحل جعدا حش الساقین فھو لشریک بن سحمآء قال فانبئت انھا جائت به اکحل جعداًحمش الساقین۔ ھلال بن امیه (صحابی رسولؐ) نے نسبت کی زنا کی اپنی بیوی کو شریک بن سحماء صحابی رسولؐ (یہ بھی صحابیہ رسولؐ تھی صحابیت کی تعریف یہ ہے کہ جو بھی مسلمان رسولؐ کو اُن کی حیات میں دیکھے وہ صحابی ہے) ہلال بن امیہ براء بن مالک صحابی کے مادری بھائی تھے۔ پھر دونوں نے لعان کیا (ایک دوسرے پر لعنت کی کہ جھوٹے پر عذاب ہو، اس لئے دیکھنے والا صرف شوہر تھا بغیر کوئی گواہ کے)۔ رسول اللہ



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ﷺ نے فرمایا کہ اس عورت کو دیکھو اگر اس کا بچہ سفید رنگ کا سیدھے بال والا لال آنکھوں والا پیدا ہوا تو وہ ہلال بن امیہ کا ہے اور اگر سرمئی آنکھوں والا گھونگر بال والا پتلی پنڈلیوں والا پیدا ہوا تو وہ شریک بن سحماء کا ہے، انس نے کہا کہ مجھ کو خبر پہنچی کہ اۃ عورت کا لڑکا سرمئی آنکھوں والا گھونگر بال پتلی پنڈلیوں والا پیدا ہوا یعنی یہ شریک بن سحماء کا بچہ تھا۔ قیافہ سے پتہ چلتا ہے کہ شریک کا رنگ کالا تھا اور ہلال کا رنگ سفید تھا۔ اس حدیث کو لکھا ہے۔ شرح صحیح مسلم (اردو) جلد ۴ کتاب اللعان ص ۱۳۳؛ اس حدیث کو تفصیل سے سنن نسائی (اردو) جلد دوم کتاب الطلاق باب کیف اللعان ص ۵۰۱ اور ۵۰۲؛ سنن ابن ماجہ (اردو) جلد اول باب اللعان ص ۵۷۶؛ اور مزید تفصیل کہ یہ کب اور کیسے ہوا سنن ابی داؤد (اردو) جلد دوم باب اللعان ص ۲۰۴ تا ۲۰۷۔ حد یہ ہے کہ عکرمہ نے کہا کہ یہ لڑکا جب بڑا ہوا تو مصر کا امیر ہوا اور اُس کو اس کے باپ کے نام سے نہیں پکارا جاتا تھا۔ یہ رہی تعاویل اُس موضوع حدیث کہ میرے اصحاب نجوم کی طرح ہیں اور پورے عادل ہیں۔ زنا محصنہ پھر بھی عادل رہے۔

۱۱۹ فلو جامعها بخرقة علی ذكره لا تثبت الحرمة كما في الخلاصة۔ اگر عضو تناسل پر کپڑا لپیٹ کر جماع کیا جائے تو اُس پر حرمت محاصرت (سسرال کی) ثابت نہیں ہوتی۔ یعنی بغیر کپڑا لپیٹ کر جماع کرنے سے عورت کی ماں بہن وغیرہ از روئے شرع حرام ہو جاتے ہیں۔ مگر کپڑا لپیٹ کر وطی کرے تو اُس عورت کے ماں بہن یہ سب حرام نہیں۔ کنز الدقائق شرح بحر الرائق۔ ج ۳ ص ۱۷۵ (میرے کمپیوٹر پر ج ۳ ص ۱۷۵)

۱۲۰ فقال النبی ﷺ لا فبكی علی فقال له اما ترضی ان تكون منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه ليس بعدی نبی انه لس ينبغی ان اذهب الا و انت خليفتی: رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی سے فرمایا کیا تم اس سے راضی نہیں ہے کہ تم میرے لئے اُس مرتبہ میں ہو جس مرتبہ میں ہارون تھے بہ نسبت موسیٰ کے مگر یہ بات ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ مجھے یہ مناسب نہیں ہے بجز اس کے کہ تم میرے خلیفہ ہو۔ ازالۃ الخفاء ج ۴ ص ۴۴۷ تا ۴۴۸؛ خصائص النسائی ص ۶۴؛ مجمع الزوئد الھیثمی ج ۹ ص ۱۲۰۔

۱۲۱ زكواة۔ لفظ زکواۃ کی تعریف میں یہ ہمیشہ تصور رہتا ہے کہ صرف آمدنی اور نصاب کا چالیسواں حصہ یا خمس وغیرہ۔ حالانکہ آیات زکواۃ مکی ہیں اور زکواۃ کا حکم ہجرت کے دوسال کے بعد شروع ہوا۔ زکواۃ لفظ کئی معنی رکھتا ہے۔

چنانچہ سورہ الکھف (۱۸) آیت ۸۱

فاردنا ان يبد لهما ربهما خيرا منه زكوة و اقرب رحما۔ پس ہم نے ارادہ کیا کہ ان دونوں کو اُن کا رب بدلہ دے (اولاد پاکیزہ) جو اس سے بہتر شفقت میں زیادہ ہو۔

سورہ مریم آیت ۳۱

اوصٰنی بالصلوٰة و الزكواة ما دمت حيا۔ حضرت عیسیٰ فرماتے ہیں کہ مجھے وصیت کی گئی کہ جب تک میں زندہ ہوں نماز کا اور زکواۃ کا۔

سورة حم السجده آیت ۶

وويل للمشركين الذين لا يوتون الزكوة و هم با لاٰخرة هم كفرون۔ خرابی ہے مشکوں کے لئے وہ جو زکواۃ نہیں دیتے اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۲۲ قرآن کے حروف نقطوں سے بے نیاز رہے، اہلِ عجم جو عربی سے ناواقف تھے اُن کے لئے بغیر نقطوں کے قرآن کی قرأت میں اختلاف پیدا ہوگیا۔ اورخلافت نے ابوالاسود (ظالم بن عمرو بن سفیان) کو مقرر کیا اور اتفاق کی بات ہے کہ ابوالاسود نے جناب امیرؑ ہی سے اس فن کو حاصل کیا تھا۔ چنانچہ حافظ ابن حجر عسقلانی اس کا ذکر تہذیب التہذیب حالات جلد سوم سلسلہ ۴۳۳۳ ''ظالم بن عمروؒ'' میں لکھتے ہیں۔ اول من وضع العربية و نقط المصاحف ابو الاسود وقد سئل ابو الاسود عمن نهج له الطريق ، فقال تلقيته عن امير المؤمنين على ابن ابى طالب۔ اول جس نے عربی زبان کی صرف ونحو کو تشکیل دیا اور قرآن میں حروف پر نقطے لگایا وہ حضرت ابوالاسودؒ ہیں۔ جب اِن سے پوچھا کہ تم کو یہ طریقہ کس نے بتلایا تو اُنہوں نے جواب دیا امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالب نے۔ یہ ابوالاسود جمل اور صفین میں حضرت علیؑ کے ساتھ جنگ میں شریک رہے۔ تہذیب التہذیب میں سلسلہ ۸۲۲۱ میں ان کا ذکر ہے۔ ابن خلکان اپنی تاریخ جلد اول ۴۲۱ وقيل لأبى الأسود من أين لک هذا العلم يعنون النحو؟ فقال لقنت حدوده من على ابن ابى طالب ابوالاسودؒ سے جب پوچھا گیا کہ تم نے یہ علم النحو کہاں سے سیکھا؟ تو اُنہوں نے جواب دیا علیؑ ابن ابی طالب سے۔ اس کے عمل میں لانے کی وجہ یہ بتلائی جاتی ہے کہ انہوں نے کسی کو یہ آیت کریمہ اَنَّ اللّٰهَ بَرِیٓءٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَرَسُوْلُه' سورہ التوبۃ آیت ۳۔

۱۲۳ هو تعين الخليفة بعده حضور اکرمؐ کا تحریر کرنے کے اظہار جو فرمایا اُس کا مقصد اپنے بعد کے خلیفہ کا تعین کرنا تھا۔ علامہ ابن حجر اپنی شرح فتح الباری الجزء ۸ ص ۱۰۱ باب مرض النبی ﷺ میں لکھتے ہیں۔

۱۲۴ اراد ان ينص على اسامى الخلفاء بعده حتى لا يقع بينهم الاختلاف آنحضرت ﷺ نے ارادہ کیا تھا کہ اپنے بعد کے خلفاء کے نام مقرر کردیں اور لکھوادیں تاکہ باہمی اختلاف نہ ہو۔ شرح فتح الباری علامہ ابن حجر الجزاول ص ۱۸۶ باب کتاب العلم۔

۱۲۵ و د اختلف العلماء فى الكتاب الذى هم النبى فقيل اراد ان ينص على الخلافة فى انسان معين لئلا يقع نزاع و فتن۔ علماء نے اختلاف کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کیا لکھنا چاہتے تھے؟۔ اغلب یہ ہے کہ آپؐ کا ارادہ تھا کہ خلافت کے لئے ایک آدمی مقرر کردیں تاکہ تنازعہ وفتنہ نہ ہو۔ شرح مسلم عربی ج ۱۱ ص ۹۰ کتاب الوصیت؛ اردو شرح مسلم ج ۴ ص ۲۶۰ تا ۲۶۱

۱۲۶ أن ابن الزبير خطب أربعين يوما لا يصلي علىٰ النبیؐ وقال لا يمنعينى أن أصلى عليه إلا أن تشمخ رجال بأنها فها۔ عبداللہ ابن زبیر ۴۰ دن خطبہ دیا مگر آنحضرتؐ پر درود نہیں پڑھا اور کہا مجھے آنحضرت ﷺ وآلہ پر درود سے صرف یہ بات روکتی ہے کہ اس سے کچھ مردوں کی ناک اونچی ہوجائے (اس کا اشارہ بنی ہاشم کی جانب تھا) یعقوبی عربی ج ۳ ص ۸۷ مسعودی ج ۵ ص ۱۶۴؛ سمط النجوم العوالی ج ۳ ص ۲۳۷ عبدالملک بن حسین بن عبدالملک الشافعی العاصمی المکی متوفی ۱۱۱۱ھ



Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۲۷ عن ابو هريره دخلت على رقية بنت رسول الله امرأة عثمان و بيدها مشط فقلت خرج رسول الله ﷺ وآله من عندى آنفا عجلت شعره فقال كيف تجدين ابا عبد الله يعنى عثمان قالت بخير قال اكرميه فانه من اشبه اصحابى خلقا۔
ابوہریرہ کہتے ہیں کہ میں رقیہ دختر رسول اللہ ﷺ وآلہ کے یہاں گیا جو عثمان کی زوجہ تھیں اس وقت اُن کے ہاتھ میں کنگنا تھا۔ رقیہ کہنے لگیں ابھی ابھی رسول اللہ میرے یہاں سے اُٹھ کر گئے ہیں میں نے اُن کے بالوں میں کنگھا کیا اور انھوں (یعنی آنحضرت ﷺ) نے پوچھا کہ تم نے ابوعبداللہ یعنی عثمان کو کیسا پایا ہے؟ رقیہ نے کہا بہت خوب پایا ہے۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اِس کی عزت کرو کہ وہ اخلاق میں سب سے زیادہ مجھ سے مشابہ ہے۔ مستدرک حاکم ج ۴ ص ۵۲ ( ابوہریرہ ۸ ہجری میں مسلمان ہوئے اور رقیہ بدر کی جنگ کے فوراً بعد فوت ہو چکی تھیں )۔ معجم کبیر طبرانی ج ۱ ص ۷۶؛ کنز العمال ج ۱۳ ص ۲۰ سلسلہ ۳۶۱۹۷ اور اس حدیث کی رد کے ساتھ؛ ابن عساکر ج ۳۹ ص ۹۷۔ ۱۱۵ اور کتابوں میں اس کا ذکر ہے۔

۱۲۸ يغلق بابه و يمنع خيره ويدخل عابسا ويخرج عابسا۔ یہ عمر ابن خطاب کے بارے میں ہے جب انھوں نے عتبہ بن ربیعہ کی بیٹی ام ابان کو نکاح کا پیغام بھیجا اس عورت نے بھی جو ہندہ کی بہن اور معاویہ کی خالہ تھی اس رشتہ کو یہ کہہ کر رد کر دیا۔ خیر کے لئے اس کے (عمر) گھر کا دروازہ بند رہتا ہے اور گھر میں جب گھستا ہے تو تیوری چڑھی ہوئی رہتی ہے گھر سے نکلتا ہے تو تیور بگڑے ہوئے۔ طبری ج ۳ ص ۲۷۰ (عربی) کامل ج ۳ ص ۵۵؛ البداية والنهاية ج ۷ ص ۱۵۷

jabir.abbas@yahoo.com

۱۲۹ حدثنا عبد الله حدثني أبي ثنا حجاج ثنا شريك عن الأعمش عن الفضيل بن عمرو قال أراه عن سعيد بن جبير عن بن عباس قال تمتع النبي صلى الله عليه و سلم فقال عروة بن الزبير نهى أبو بكر وعمر عن المتعة فقال بن عباس ما يقول عرية قال يقول نهى أبو بكر وعمر عن المتعة فقال بن عباس أراهم سيهلكون أقول قال النبي صلى الله عليه و سلم ويقول نهى أبو بكر وعمر ۔ مسند امام احمد جلد ا ص ۳۵۸۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ جناب رسول اکرم ﷺ وآلہ نے متعہ کیا تھا۔ پس عروہ بن زبیر نے کہا ابوبکر اور عمر نے متعہ سے منع کیا۔

۱۳۰ باب الحائض تترك الصوم والصلاة وقال أبو الزناد إن السنن ووجوه الحق لتأتي كثيرا على خلاف الرأي فما يجد المسلمون بدا من اتباعها من ذلك أن الحائض تقضي الصيام ولا تقضي الصلاة ۔ بخاری کتاب الصوم ج ۳ ص ۱۷۲۱۱۲۔ کئی امور قیاس اور عام فہمی کے خلاف ہیں چنانچہ نماز جو سب سے افضل ہے اُسکی قضا عورت کے لئے ادا واجب نہیں مگر روزے کی ادا واجب ہے۔

۱۳۱ وأول مِجْمر سطَع في المُتعة مجمر آل الزبير .فسل أمك عن بردي عوسجة۔ یہ ابن عباسؓ نے عبداللہ ابن زبیر سے کہا کہ متعہ کی آگ سب سے پہلے آل زبیر نے سلگائی۔ جاؤ تم اپنی ماں سے عوسجہ کی چادروں کے بارے میں پوچھو۔ انساب الاشراف جلد ۴ ص ۵۶، العقد



Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الفریدج ۴ص ۸۵، جمهرة خطب العرب احمدزکی صفوت ج ۲ص ۱۲۷

۱۳۲ و من یعش عن ذکر الرحمن نقیض له شیطانا فهو له قرین۔سورة الزخرف ۳۶۔اور جو کوئی اللہ کی یاد سے دور ہو جائے تو ہم مسلط کر دیتے ہیں اُس کے لئے ایک شیطان تو اس کا ساتھی ہو جاتا ہے۔

۱۳۳۔ اُف لکم ولما تعبدون من دون اللہ افلا تعقلون۔ سورة الانبیاء آیت ۶۷۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم جس میں آذر (چچا) شامل تھے فرمایا کہ تم پر تف ہو! ان بتوں کو اللہ کے سوا پرستش کرتے ہو۔ اگر آذر باپ ہوتا تو حضرت ابراہیم لفظ اُف نہیں فرما سکتے۔ اس لئے کہ سورۃ الاسرا آیت ۲۳ میں اولاد کو ماں اور باپ کی شان میں: او کلهما فلا تقل لهما أف ولا تنهر هما و قل لهما قلا کریما۔ تو اُنہیں نہ کہو اُف اور نہ انہیں جھڑکو اور اُن سے ادب کے ساتھ بات کرو۔

۱۳۴۔ الأية (و فاکهة وأبّا) فقال أبی بکر أي سماء تظلنی وأي أرض تقلنی إن قلت في کتاب اللہ مالا أعلم۔ ابوبکر سے اس آیت کے بارے میں پوچھا گیا تو کہا کہ آسمان مجھے سایہ نہ دے گا اور زمین مجھے اپنے پیٹھ پر نہ اُٹھائے گی اگر میں وہ کہوں کتاب اللہ سے جس کا مجھے علم نہ ہو۔ قرأ عمر ابن خطاب (عبس وتولی) فلما أتی علی هذا الأیة (و فاکهة وأبّا) قال قد عرفنا الفاکهة فما الأب فقال لعمرک یابن خطاب ان هذا لهو التکلیف۔ عمر ابن خطاب جب سورہ عبس کی تلاوت کی اور یہاں تک پہنچے تو کہا: فاکھة کو تو ہم جانتے ہیں لیکن یہ ابّ کیا چیز ہے؟ پھر خود ہی فرمایا: عمر اس تکلیف کو چھوڑ۔ اس کا ذکر تمام مفسرین نے اس آیت کریمہ کے ذیل میں کیا۔ تفسیر قرطبی جلد ص ۳۵ نے حضرت علیؑ کے اس قول کو دھرایا کہ سلونی فو اللہ لا تسألونی عن شئی یکون الی یوم القیامة الی حتثتکم به۔

۱۳۵ حسان بن ثابت صحابی اور شاعر رسولؐ نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے اور صحابہ کے سامنے ہندہ معاویہ کی ماں اور ابوسفیان کی زوجہ کی ہجو میں اور اسکے شوہر ابوسفیان کی ہجو میں اشعار کہے۔ اس کے چند اشعار یہ ہیں۔

أشرت لکاع و کان عادتها::لؤما إذا أشرت مع الکفر
لعن الا له و زوجها معها::هند الهنود عظیمة البظر
أخرجت مرقصة إلی أحد::فی القوم مقتبة علی بکر
ونسیت فاحشة أتیت بها::یا هند ویحک سبة الدهر
فرجعت صاغره بلا ترة::منا ظفت بها ولا نصر
زعم الولا ئد أنها ولدت::ولدا صغیرا کان من عهر

اُس زناکارہ نے نعرہ کیا اور کمینہ پن کی اس کی عادت ہی تھی جبکہ باوجود کفر کے نعروں کے اللہ نے اس پر اور اس کے شوہر پر لعنت کی ہے، اس بدذات ہندہ پر جس کی شرمگاہ دراز تھی تو حملہ کرتی تھی اور جھپٹتی تھی۔ اے ہندہ! پھٹکار ہو تجھ پر کیا تو اپنی اس حرکت بھول گئی جو تجھ سے صادر ہوا جو ہمیشہ کے لئے تیرے لئے سب شتم کا باعث ہے۔ بچہ جنانے والی عورتوں کا گمان ہے کہ ہندہ ایک بچہ جنی جو زنا سے پیدا ہوا۔ (عربی) تاریخ طبری جلد ۲ص ۲۰۵ حلات غزوہ احد (اردو ترجمہ سے یہ نکال دیا گیا ہے) سیرہ ابن ہشام (اردو) ج ۲ص ۷۷ میں صرف پہلا شعر لکھا اور لکھتا ہے کہ: ابن ہشام نے کہا کہ یہ ان اشعار میں سے ہے جنھیں میں نے یہاں اس لئے بیان نہیں کیا کی ان میں بڑی سخت



jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باتیں کی گئی ہیں، اس قسم کے اشعار حسان نے اور بہت کئے ہیں جن کا قافیہ دال اور ذال ہے۔

۱۳۶ و کان معاوية يعزي إلي أربعة، إلي مسافر بن أبي عمرو، وإلي عمارة بن الوليد، ، و إلي العباس بن عبدالمطلب، إلي الصباح ۔

معاویہ ! کی ولدیت چار شخصوں کی طرف منسوب تھی۔ مسافر ابن ابی عمر؛ عمارہ ابن الولید ابن مغیرہ، عباس ابن عبدالمطلب ، اور صباح۔

ربیع الابرار زمخشری متوفی ۵۳۸ھ جلد ۴ ص ۲۵۲ طبع موسسۃ الاعلمی بیروت۔

۱۳۷ قال ابن عبد البر فی الاستیعاب :طائفته تری انه کهفا للمنافقين منذ اسلم و کان فی الجاهليته ينسب إلى الزندیقة:

ابوسفیان کے بارے میں ابن عبدالبر متوفی ۴۶۳ھ الاستیعاب فی معرفة الاصحاب ج ۴ ص ۲۴۰ طبع دار الکتب العلمیة بیروت میں ہے وہ اسلام لانے کے بعد بھی منافقوں کی جائے پناہ بنا رہا اور زمانۂ جاہلیت میں تو یہ زندیق تھا ہی۔

اس استیعاب میں عبدالبر لکھتے ہیں کہ ابن زبیر سے روایت ہے کہ میں ابوسفیان کو جنگ یرموک میں دیکھا کہ جب رومیوں کا غلبہ ہوتا تھا تب یہ ابوسفیان کہتا تھا: واہ بنی اصفر تمہارا کیا کہنا اور جب مسلمان اُنہیں پیچھے ہٹا دیتے تھے تو کہتا فرمانروایان روم تو اصل میں عیسائی ہی ہیں۔ افسوس اب ان کی یاد باقی نہیں رہ جائیگی۔ جب ابن زبیر نے مسلمانوں کی فتح کے بعد اس بات کا تذکرہ اپنے باپ زبیر سے کیا تو زبیر نے کہا اللہ اُسے ہلاک کرے وہ بجز نفاق کے ہر چیز سے انکار کرتا ہے۔ قاتله الله يأبی إلا نفاقاً۔ الاستیعاب فی معرفة الاصحاب ج ۴ ص ۲۴۰ طبع دار الکتب العلمیة بیروت: اسد الغابہ ج ۵ ص ۲۱۶ حالات ابوسفیان۔

۱۳۸ اور جب بعد رسول اکرم ﷺ وآلہ ثقیفہ کی کاروائی کے بعد ابوبکر خلیفہ بن گئے تو یہ ابوسفیان حضرت علیؑ کے پاس آیا اور کہا: **أغلبكم على هذا الأ مر أقل بيت في قريش أما و الله لأ ملأ نه خيلا و رجالا إن شئت**: ایک ذلیل طبقے کی شخص کو بنا دیا گیا واللہ آپ حکم دیں تو مدینے کی گلیوں کو آدمیوں اور فوج سے بھردوں گا۔ حضرت علیؑ فرمایا دور ہوا ودشمن اسلام! تجھ کو سلام سے کب محبت رہی۔ الاستیعاب فی معرفة الاصحاب ج ۴ ص ۲۴۰ طبع دار الکتب العلمیة بیروت

۱۳۹ الاستیعاب فی معرفة الاصحاب ج ۴ ص ۲۴۰ طبع دار الکتب العلمیة بیروت کہ یہ ابوسفیان خلافت عثمان میں آیا اور عثمان سے کہنے لگا **بعد تيم و عدي فأدرها كالكرة واجعل أتاها بني أمية هو الملک ولا أدري ما جنة ولا نار** حکومت تمہارے پاس بنی تیم (یعنی ابوبکر) بنی عدی (یعنی عمر ابن خطاب) کے بعد آئی ہے پس اس کو گیند کی طرح لڑکاؤ اور بنی اُمیہ اس کی بنیادیں قرار دو۔ یہ تو فقط بادشاہی ہی ہے، میں نہیں جانتا کہ جنت کیا ہے اور دوزخ کیا ہے۔



Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۱۴۰ الاستیعاب فی معرفة الاصحاب ج ۴ ص ۲۴۰ طبع دار الکتب العلمیة بیروت۔وله أخبار من نحو هذا ردية ذكرها أهل الأخبار لم أذكره۔ وفي بعضها ما يدل على أنه لم يكن إسلامه سالما عبدالبر لکھتے ہیں اسی طرح کی اور باتیں ہیں جن کا ذکر محدثین نے کیا ہے میں اُنہیں چھوڑے دیتا ہوں۔بعض خبریں تو ابوسفیان کے متعلق ایسی ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے اس کا اسلام ہی سالم نہیں تھا۔

۱۴۱ جب حضرت عباسؓ عم رسول اُکرم ابوسفیان کو لے کر آنخضرت ﷺ وآلہ کی خدمت میں لے آئے تو ابوسفیان کلمہ پڑھنے کے بہانے بنانے لگا۔جس پر حضرت عباسؓ نے ابوسفیان سے کہا فوراکلمہ شہادت پڑھ قبل اس کے کے تیرا سر کٹ جائے۔ ويلک اشهد شهادة الحق قبل أن تضرب عنقک۔ الاستیعاب فی معرفة الاصحاب ج ۴ ص ۲۴۰ طبع دار الکتب العلمیة بیروت

۱۴۲۔ ایک دن عمر ابن خطاب منبر پر سورہ نحل کی یہ تلاوت کی۔او یاخذهم علی تخوف۔اور مجمع سے مخاطب ہو کر پوچھا کہ یہ تخوف کے کیا معنی ہیں قبیلہ ہذیل کا ایک شخص اُٹھا اور کہا اس کے معنی نقص اور کمی کے ہوتے ہیں۔التسهيل لعلوم التنزيل محمدبن احمد الغرناطی متوفی ۷۴۱ ھ دار الکتب العربی لبنان جلد ۲ ص ۱۵۴۔

jabir.abbas@yahoo.com



Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas